آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر

# نظامت جنگلات نیلم

فون نمبر::05821-920018: فیکس نمبر::05821-920018 ای میل::Neelumcircle920018@gmail.com

## اشتہار برائے فروختگی لکڑی بذریعہ (Open CompetitiveSale Process)

ڈپو اینڈ سیل رولز کی دفعہ 20 کے تحت حاصل اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے نیلم فارسٹ سرکل کے زیر انتظام نمبر سیل ڈپوز میں موجود لکڑی کی فروختگی بذریعہ Open Competitive Sale کے لئے خواہشمند حضرات / کارخانہ داران/Companies سے سنگل سٹیج سنگل لفافہ کی بناپر Open Bids مطلوب ہیں جو کہ **مورخہ 12-05-2026** کو بوقت **02** بجے دن تک نظامت جنگلات نیلم میں موصول ہونے چاہیے جو اُسی روز بوقت 02:30 بجے دن ٹینڈر دھندگان / نمائندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے Bid Form فارم حصولگی کے لئے درخواست ہائے ٹینڈر شائع ہونے سے مورخہ 11 مئی 2026 تک وصول کی جائیں گی۔ درخواست ہا کی روشنی میں مورخہ 12 مئی 2026 تک بوقت 11 بجے دن تک Bid Form فارم اجراء ہوں گے۔

| نمبر شمار | نام ڈویژن | نام سیل ڈپو | قسم لکڑی قابل فروختگی | حجم لکڑی قابل فروختگی |
|---|---|---|---|---|
| 01 | کیرن فارسٹ ڈویژن | اشکوٹ | دیودار، کائل، فر | 7500 مکعب فٹ |
| 02 | کیرن فارسٹ ڈویژن | اشکوٹ (بمقام کشتی اشکوٹ) | دیودار، فر | 17368 مکعب فٹ |
| 03 | کیرن فارسٹ ڈویژن | اشکوٹ (بمقام جوراچھاڑی) | دیودار، کائل، فر | 3750 مکعب فٹ |
| 04 | کیرن فارسٹ ڈویژن | اٹھمقام | دیودار، کائل، فر | 16000 مکعب فٹ |
| 05 | کیرن فارسٹ ڈویژن | دواریاں | دیودار، کائل، فر | 2800 مکعب فٹ |
| 06 | شاردہ فارسٹ ڈویژن | شاردہ (کیل سیری) | دیودار، کائل، فر، سم | 15000 مکعب فٹ |
| 07 | شاردہ فارسٹ ڈویژن | کھریگام (دوسٹ) | دیودار، کائل، فر | 1330 مکعب فٹ |
| 08 | کیل فارسٹ ڈویژن | کیل | دیودار، کائل، فر، اخروٹ، سم | 4200 مکعب فٹ |
| 09 | کیل فارسٹ ڈویژن | جانوئی | دیودار، کائل، اخروٹ، سم | 800 مکعب فٹ۔ |
| | | | میزان | 68748 مکعب فٹ |

**شرائط وضوابط**

1۔ مالی طور پر مستحکم تمام اشخاص یا ان کے نمائندے اس Open Competitive Sale کے عمل میں حصہ لینے کے اہل ہیں۔ سیلز ڈپوز سے Open Competitive Sale Process کے ذریعے لکڑی فروختگی کے عمل میں حصہ لینے سے قبل متعلقہ فارسٹ ڈویژن سے رابطہ کرتے ہوئے سیل ڈپو ہا میں موجود لاٹ ہا کی لکڑی کا ملاحظہ کیا جاسکتا ہے نیز Open Competitive Sale فارم اور دیگر معلومات متعلقہ مہتمم جنگلات یا **نظامت جنگلات نیلم کے دفتر فون نمبر 05821-920018** سے دفتری اوقات کار میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔

2۔ خواہشمند بولی دہندہ بذریعہ درخواست بالعوض مبلغ -/200 روپے فی لاٹ (جو کہ ناقابل واپسی ہونگے) Open Competitive

Sale فارم حاصل کر سکے گا۔ خواہشمند بولی دہندہ ہر لاٹ کا فارم بڈز موصول ہونے اور Open کرنے والے دن بوقت 1:00 دن (a.m) تک نظامت جنگلات نیلم کے دفتر فون نمبر 920018-05821 سے حاصل کر سکتا ہے۔ خواہشمند بولی دہندہ کو محکمہ کسی بھی ایک لاٹ یا تمام لاٹ ہا کے ملاحظہ کے لیے Open Competitive Sale والے دن بوقت 10 بجے دن تک ملاحظہ کی سہولت فراہم کرے گا۔ خواہشمند بولی دہندہ کو اس کی ایک یا زیادہ لاٹ ہا کے Open Competitive Sale فارم کے حصول کے لیے پیش کردہ درخواست کے مطابق ہر لاٹ کی علیحدہ علیحدہ مکمل تفصیل بشمول قسم لکڑی، درجہ بندی، حجم لکڑی و کیفیت وغیرہ جیسا کہ مرتب شدہ لائن بک میں درج ہوگی فارم میں مندرج کرتے ہوئے مہیا کی جائے گی۔

3۔ خواہشمند بولی دہندہ کے Open Competitive Sale فارم بڈز موصول ہونے اور Scrutinize کرنے والے دن بوقت 02:00 بجے دن (p.m) تک نظامت جنگلات نیلم میں موصول ہونا ضروری ہیں جو کہ اسی دن 02:30 بجے دن (p.m) تمام دستیاب/موجود بڈ دہندگان یا ان کے نمائندگان کی موجودگی میں Scrutinize کیئے جائیں گے۔ ہر طرح سے مکمل اور قواعد پر پورا اترنے والی پیش کش کو ہی زیر غور لایا جائے گا۔

4۔ بڈ دہندہ اس امر کو یقینی بنائے گا کہ وہ حاصل کردہ ایک یا ایک سے زائد Open Competitive Sale فارم میں مندرج تمام کوائف بغیر کٹنگ کے مکمل درج کرتے ہوئے دفتر نظامت جنگلات نیلم کے دفتر فون نمبر 920018-05821 میں مقررہ وقت سے قبل جمع کروائے گا۔ کانٹ چھانٹ اور Overwriting والا فارم مسترد تصور ہوگا۔

5۔ ڈپو اینڈ سیل رُولز کے قاعدہ 26 کے تحت کامیاب بڈ دہندہ، بڈ منظور ہونے پر، ہر لاٹ کی مالیت کا کم سے کم 25% زر بیعانہ (Earnest Money) بر موقع پیشگی ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

6۔ ڈپو اینڈ سیل رُولز کے قاعدہ 26 کے تحت ہر کامیاب بڈ دہندہ، بڈ کی منظوری کے بعد 60 ایام کے اندر اندر تمام بقیہ قیمت لکڑی معہ حکومتی واجبات بشکل مختلف ٹیکس ہا مکمل طور پر ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ 60 ایام کی ابتدائی میعاد کے بعد مزید 10 ایام کی توسیع میعاد بعد از ادائیگی 02% جرمانہ (قیمت کا) کی جاسکے گی۔ جبکہ ابتدائی 10 ایام کی توسیع کے بعد مزید 10 ایام کی توسیع مزید 03% جرمانہ (قیمت کا) کی ادائیگی کے بعد کی جاسکے گی۔ کسی بھی قسم کی توسیع میعاد کا اہل ہونے کے لیے کامیاب بڈ دہندہ کو لکڑی فروختگی کے تمام واجبات ابتدائی 60 ایام کے اندر خزانہ سرکار میں جمع کروانے لازمی ہونگے۔

7۔ ڈپو اینڈ سیل رُولز کے قاعدہ 27 کے تحت اگر کامیاب بڈ دہندہ مقررہ میعاد (60 ایام) کے اندر واجبات کی ادائیگی مکمل نہیں کرتا تو پیشگی ادا شدہ 25% زر بیعانہ کی رقم بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی اور فروختگی لکڑی کا یہ پراسیس منسوخ کرتے ہوئے لکڑی پر کامیاب بڈ دہندہ کا حق ملکیت واپس بحق سرکار کیا جائے گا۔ فروخت شدہ لکڑی پر کامیاب بڈ دہندہ کا مندرج شدہ پراپرٹی مارک ختم کرتے ہوئے ایسی لاٹ کی لکڑی کو (NS) Not Sold Lots قرار دیا جائے گا۔

8۔ ڈپو اینڈ سیل رُولز کے قاعدہ 29 کے تحت کامیاب بڈ دہندہ کی منظوری کے بعد فروختگی آرڈر کی اجرائیگی سے 60 ایام کے اندر اندر بہر صورت خرید کردہ لکڑی اٹھانے کا پابند ہوگا۔ 60 ایام کی ابتدائی میعاد ختم ہونے پر کامیاب بڈ دہندہ کو توسیع میعاد کے عرصہ (20 ایام) کے دوران یومیہ -/5 روپے فی مکعب فٹ کرایہ ڈپو ادا کرنا ہوگا۔ تمام واجبات کی ادائیگی کے بعد ہی کامیاب بڈ دہندہ لاٹ ہا کی لکڑی سیل ڈپو سے باہر لے جانے کا مجاز ہوگا۔

9۔ خواہشمند بڈ دہندہ علیحدہ علیحدہ ہر لاٹ کے حاصل کردہ Open Competitive Sale فارم میں قیمت فی مکعب فٹ تحریر کرنے اور ہر لاٹ کی کل مالیت درج کرتے ہوئے الگ الگ Open Competitive Sale فارم جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

10۔ تمام حکومتی ٹیکسز بشمول ایڈوانس ٹیکس/ جنرل سیلز ٹیکس، FDF وغیرہ کی ادائیگی بوقت اجرائیگی فارم 17 بذمہ کامیاب بڈ دہندہ ہوگی۔

11۔ خواہشمند بڈ دہندہ کی آمدہ پیش کش ہا کی علیحدہ علیحدہ Scrutiny ڈپو اینڈ سیل رُولز کے تحت عمل میں لائی جائے گی۔

12۔ کامیاب بڈ دہندہ کو خرید کردہ لکڑی اندرون و بیرون آزاد جموں و کشمیر بشکل لاٹ یا بطور Finished Wood Product بذریعہ

فارم 25 ترسیل وفروخت کرنے کا اختیار ہوگا۔

13۔ کامیاب بڈ دہندہ اگر پیشکش منظور ہونے پر 25% رقم جمع کروانے میں ناکام رہا تو بالترتیب دوسرے یا تیسرے نمبر پر آنے وا
25% رقم پیشگی زربیعانہ جمع کروا کر لاٹ خرید سکے گا۔

14۔ Open Competitive Sale فارم میں فی مکعب فٹ شرح انراخ ہندسوں اور لفظوں میں لکھنے ہونگے۔ کسی ابہام کی صورت میں لفظوں میں تحریر کیئے گئے انراخ حتمی تصور ہونگے۔

15۔ Open Competitive Sale(s) of Timber Committee کو کسی ایک پیش کش یا تمام پیشکشوں کو وجوہات تحریر کرتے ہوئے مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

16۔ مقدار لکڑی میں 15 فیصد تک تفاوت ممکن ہے۔

17۔ یہ اشتہار AJK PPRA ویب سائیٹ www.ajkppra.gov.pk پر بھی دستیاب ہے۔

ناظم جنگلات
نیلم فارسٹ سرکل